© rasailojaraid.com



ماعز اقبال

# زبان میری ہے بات اُن کی

معاشرہ کے غریب طبقہ میں پائی جانے والی مایوسی "طویل دور آمریت" کا نتیجہ ہے۔
(جنگ ۱۴ دسمبر) ٹوبی خان پی پی پی

خان صاحب آپ بھول گئے یا آپ نے بھلا دیا "غریب طبقہ میں مسلسل دیکھی جانے والی مایوسی، بے چینی، جہالت کے بھیلتے سائے، دریدہ قبائیں اور اجڑے چہرے" جاگیر دارانہ موذی نظام اور ذہنیت کی مکروہ "یادگار" ہے۔ جس کے ایک رکن تو آپ ہیں اور دوسرے اراکین بے نظیر زرداری، فاروق لغاری، غلام مصطفےٰ جتوئی، مخدوم خلیق الزماں، اکبر بگتی اور نصر اللہ خان ہیں۔ آپ اور آپ کے ساتھی مل کے یہ "کورس" گا رہے ہیں۔ شاید اپنے آپ کو اور اپنے بد صورت اعمال کو چھپانے کیلئے جیسے

"چوروی کمندا چور اوئے چور"

کتے کے پلے کی کارستانی، بلدیہ خان گڑھ کے پیدائش رجسٹر کا حلیہ بگاڑ دیا۔ (جنگ ۱۴ دسمبر)

"تمام قومی امور کے ریکارڈ ضائع کرنے والے بھی کتے کے پلے ہی تو ہوتے ہیں"

ہاتھ لا استاد کیوں کیسی کہی.....؟

ساہیوال پولیس نے ڈاکوؤں کا غصہ بے گناہ شہریوں پر نکال دیا (جنگ ۱۴ دسمبر)

ایک ساہیوال پر ہی کیا موقوف ہے سارے ملک کی پولیس جنگلی ڈاکوؤں، شہری ڈاکوؤں، سیاسی ڈاکوؤں اور حکومتی ڈاکوؤں کا غصہ ملک کے متوسط اور شریف شہریوں پر نکال رہی ہے۔ اور غصہ نکالنا بھی ایک بہت بڑا فن "بلکہ" پھن" ہے۔ جہاں بھی اور جب بھی پھن "کھلر" جاتا ہے اسے سکیڑنے کیلئے شریف شہری کی شرافت اور مجبوری کام میں لائی جاتی ہے۔ سو پشت سے آزمودہ "نسخہ وفا" ہے۔

جنرل آصف نواز کی موت دل کا دورہ پڑنے سے ہوئی (سرکاری ترجمان) (جنگ ۱۴ دسمبر)

جنرل ضیاء الحق، جنرل اختر عبد الرحمن اور ملٹری کی کریم ستلج کی پیاسی ریت اور گرسنہ وادی میں جل کر خاکستر کرائی گئی تو ۹۰ میں پی پی پی کے ایک وزیر" ہاتھ بیر" نے کہا تھا" جنرل ضیاء الحق کو اللہ نے مارا ہے۔"

کیا اب جنرل آصف نواز کو اللہ نے نہیں مارا؟

مرکزی جمعیت اہل حدیث مسلم لیگ (ن) کو چھوڑ گئی۔ پی ڈی ایف کی حمایت کا اعلان

مسلم لیگ سے ناطہ توڑا پی ڈی ایف سے رشتہ جوڑا

کس حدیث کی روشنی میں؟

یہ ناداں گر گئے سجدے میں جب وقت قیام آیا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



- بے نظیر بدل گئی ہے، ماں سے انتقام لے رہی ہے، اختیارات واپس لونگی جب تک بے نظیر مجھے خود نہیں بلائے گی اس کے پاس نہیں جاؤنگی۔ (نصرت بھٹو ایرانی نوائے وقت ۱۶ دسمبر)

پہلے بے نظیر بھٹو تھی اب بے نظیر داری ہے

پہلے اور "اب" میں فرق "صاف ظاہر ہے"

کارکن مل کے رو رہے ہیں "ہائے نی ماں" "سنجی کتھے ڈاں"

- بغداد اور غرناطہ کے بعد "سقوط ڈھاکہ" سب سے بڑا المیہ ہے، ہم سے ہمارا ماضی چھین لیا گیا۔ (نوائے وقت ۱۶ دسمبر، سکندر حیات، راؤ فرمان، فیض علی چشتی، گل حسن، کے ایم عارف، اسلم بیگ)

سقوط بغداد کا سب سے بڑا اور "برا" کردار ابن علقمی تھا جو بنی امیہ اور بنی عباس کا دشمن "رافضی فاطمی" تھا۔ غرناطہ کے "سقوط" کا مرکزی "بد کردار" بھی "رافضی فاطمی" دشمن بنی امیہ تھا اور "سقوط ڈھاکہ" میں فحاشی، بدمعاشی، عیاشی اور سفلگی و کمینگی کا پیکر خبیث بھی "رافضی باطنی فاطمی" جنرل آغا یحییٰ خاں تھا۔

جو بنی امیہ کی دشمنی کو عبادت سمجھتا تھا۔ تاریخ گواہ ہے کہ بنی امیہ کے تمام دشمن اسلام اور مسلمانوں کی ترقی اور وجود کے بھی دشمن ہیں۔ نہ انکی دوستی اچھی نہ انکی دشمنی اچھی

- ہم نواز شریف کو آصف نواز کیس میں رگڑا لگا سکتے تھے (احمد مختار) خبریں ۱۶ دسمبر

آپ خیر سے زرداریوں کی پیپلز پارٹی کے رکن رکین ہیں اور معروف جوتا ساز فیکٹری سروس کے اربوں پتی کشمیری مالک، مشہور ہے بھائی ہی بھائی کا دشمن ہوتا ہے کیونکہ وہ شریک ہوتا ہے۔ احمد مختار بھی کشمیری، نواز شریف بھی کشمیری۔ محاورہ ہے "سپ سپ نوں لڑتے وس کنھوں چڑھے" (سانپ کو سانپ لڑے تو بس کے چڑھے) ہاں بس گھولی جا سکتی ہے۔ سو احمد مختار صاحب بس گھول رہے ہیں لیکن انہیں شاید اللہ کے نظام پر یقین نہیں حالانکہ ظہور الٰہی فیملی کا زوال ان کے لئے بڑی روشن دلیل ہے اور مختار صاحب کو معلوم ہے کہ وہ رگڑا لگاتے تو دھرر گڑا انہیں بھی لگ جاتا۔

- وزیر اعظم بے نظیر نے ہیڈ اسلام کے قریب فوجی مشقیں دیکھیں۔ (خبریں، ۱۶ دسمبر)

اور ماں بیٹی کی جنگ۔۔۔۔۔؟

فوجی مشقوں کا معائنہ بہت نفع بخش ثابت ہوا ہوگا؟ ماں لنکا دیوی، پتری قلوپطرہ واہ رے تریاھٹ، ہت ترا کیا کو

- "۱۰۰ سے زائد امریکی کمانڈوز پاکستان آرہے ہیں"

واپس کتنے جائیں گے؟

- "جنوری میں مشترکہ فوجی مشقیں کریں گے" (۲۱ دسمبر نوائے وقت)

اور یہ مشق ستم کب تک جاری رہے گی؟

- وزیر اعلیٰ اور پرنسپل ایڈوائزر کے اختیارات، آج اہم فیصلے ہوں گے۔ وزیر اعلیٰ اپنے موقف سے صدر اور وزیر اعظم کو آگاہ کر چکے ہیں۔ (نوائے وقت ۲۱ دسمبر)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کہ.... ناحق ہم مجبوروں پر یہ تہمت ہے مختاری کی
مختاری ہے زرداری کی، یا فیصل اور لغاری کی

پنجاب میں اندھیر نگری، جیالوں اور ڈاکوؤں کو کھلی چھٹی پرویز الہی (نوائے وقت ۲۱ دسمبر)

اک آپ کا دور پرویزی تھا
اور اب ہے دور چنگیزی
پہلے حیلہ پرویزی تھا
اب یہ حیلہ چنگیزی

ہمارے رکن کو گولی کا نشانہ بنایا گیا، یہی عالم رہا تو کوئی بھی محفوظ نہیں رہ سکتا (شہباز شریف، نوائے وقت ۲۱ دسمبر)

احسان الہی ظہیر شہید حقنواز شہید اور ایثار القاسمی شہید، اور دیگر بیسیوں شہداء کے یتیم بچوں اور بیوگان کی فغاں سے بچو!

"شریفوں" کے دور "شرافت" میں بے گناہ بہنے والا لہو آپ کو پکارتا رہا۔ جب اقتدار کی زبان گنگ ہو گئی تو مظلوموں کی آہ و بکا نالہ و شیون رنگ لا کے رہی! یہ مکافات عمل ہے۔

× بے نظیر اور نصرت بھٹو ۶۰ ارب کے اثاثوں کی تقسیم کیلئے اکٹھی سوئٹزر لینڈ جا رہی ہیں۔ اس رقم کی تقسیم نے ہی بھٹو خاندان کو لڑایا (ترجمان مسلم لیگ (ن) ۲۱ دسمبر)

تاج دار ختم نبوت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
مجھے تمہارے فقیر ہونے سے ڈر نہیں لگتا میں تو تمہارے سرمایہ دار ہونے سے ڈرتا ہوں یہ سرمائے کی کثرت تمہیں اسطرح ہلاک کر دے گی جسطرح تم سے پہلے ہلاک ہوئے (الحدیث الشریف مفہوم)

× ایٹمی پروگرام رول بیک کرنا مشکل ہے، ایسا ہوا تو قوم کو معلوم ہو جائیگا۔ (نوائے وقت ۲۱ دسمبر، منیر احمد خان)

لیاقت علی خاں قتل ہوئے، قوم کو کیا معلوم ہوا؟
لیاقت علی کے قتل کی تحقیق کرنے والے جنرل افتخار اور بریگیڈیئر شیر خاں ہوائی حادثہ میں شہید ہوئے تو قوم کو کیا معلوم ہوا؟
جنرل محمد ضیاء الحق، جنرل اختر عبدالرحمن اور ان کے ستائیس جلیل القدر ساتھی، روح پاکستان جلا کر راکھ کر دی گئی، قوم کو کیا معلوم ہوا؟
معاہدہ تاشقند، قوم کو کیا معلوم ہوا؟
شملہ معاہدہ، قوم کو کیا معلوم ہوا؟
جنیوا معاہدہ، قوم کو کیا معلوم ہوا؟

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حمود الرحمن کمیشن رپورٹ، قوم کو کیا معلوم ہوا؟

۹۰ میں بے نظیر اسحٰق خان اسلم بیگ کی موجودگی میں ایٹمی پروگرام رول بیک کیا گیا، قوم کو کیا معلوم ہوا؟

اور اس جیسے بہت سے واقعات۔۔۔۔ قوم کو کیا معلوم ہوا؟

کب اور کس دور میں کسی "ظالم" نے قوم کو معلوم کرانا ضروری محسوس کیا؟ یا قوم کا معلوم کرنا برداشت کیا؟

بے نظیر کی حکومت ختم کی گئی کیوں؟ قوم کو کیا معلوم ہوا؟

حکومت نواز شریف کے قدموں میں پکے پھل کیطرح آگری پھر ٹوٹی تو سپریم کورٹ نے فیصلہ نواز شریف کے حق میں دیا۔ پھر بھی اسکو نودو گیارا کر دیا گیا، کیوں؟ قوم کو کیا معلوم ہوا؟

اور اب پھر بے نظیر زرداری اقتدار کے سنگھاسن پر براجیں۔ یہ سب کچھ کیا اور کیوں ہوا اور اب پھر قائد اعظم ثانی۔۔۔۔۔قوم کو کیا معلوم ہوا؟

اور قوم کو کیوں معلوم ہو، اشرافیہ کے کرتوتوں کا۔ علم کمینوں اور ووٹروں کو کیوں ہو۔ یہ تو جمہوری روایات کے خلاف ہے۔

منجدھار کی آغوش میں پہنچا کے سفینہ
ہر موج سبکدوش ہے معلوم نہیں کیوں

سرحد کابینہ کا آٹھ رکنی آزاد گروپ بکھر گیا۔ گنڈا پور مستعفی سرکاری گاڑی اور رہائش گاہ واپس کر دی (خبریں ۲۵ دسمبر)

میرا رنگ روپ بگڑ گیا مرا یار مجھ سے بچھڑ گیا
(مسلم لیگ اور ساتھی مل کے گا رہے ہیں)

ترے آزاد بندوں کی نہ یہ دنیا نہ وہ دنیا (آزاد امیدوار کہہ رہے ہیں)

× نصرت بھٹو بے نظیر کیساتھ مشترکہ بینک اکاؤنٹس منجمد کرا رہی ہیں۔ الذوالفقار کی میٹھی گولی: بے نظیر کیلئے آخری چانس" اقتدار میں ماں اور بھائی کو "شریک" کرلے تو اکاؤنٹس منجمد نہیں ہوں گے۔ (خبریں ۲۵ دسمبر) شریکا چیز ای بھیڑی اے۔

× مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ حکومت اپنے وزراء کے منہ بند کرلے جو کھلے عام "اسلامی نظام" کے خلاف بول رہے ہیں۔ اپنے سمیت "حکومت کیلئے بھی مشکلات پیدا کر رہے ہیں"

(خبریں ۲۵ دسمبر) ترے غم کے ماسوا مجھے کوئی غم نہیں ہے

× محمد علی جینا سے پہلے خاندان کے تمام بچوں کے نام ہندووانہ تھے (مضمون، محترمہ فاطمہ جینا۔ خبریں ۲۵ دسمبر)

حتیٰ کہ محمد علی جینا کے والد صاحب کا نام بھی عجیب و غریب تھا یعنی "پونجا جینا" ظاہر ہے یہ نام بھی مسلمانوں والا نہیں اور محمد علی جینا کی اہلیہ کا نام بھی ہندووانہ تھا۔ یعنی "رتی بائی" اور لطف یہ ہے کہ وہ پارسی خاتون تھی اور پارسی آگ کے پجاری ہیں اور آتش پرست مشرک ہیں۔ قیاس کن زگلستان من بہار مرا

© rasailojaraid.com